© rasailojaraid.com



**سندھ کے حالات کی سچی تصویر** از جناب محمد موسیٰ بھٹو ۔ ناشر: سندھ نیشنل اکیڈمی، پوسٹ بکس نمبر ۲۵۸ - حیدر آباد - قیمت : ۱۵/- روپے

محمد موسیٰ بھٹو نے یہ کتاب لکھ کر بڑی قابلیت کا ثبوت دیا ہے ۔ آج جو نیا سندھ ابھر کر ہمارے سامنے ہے اس کی تشکیل میں ہندوؤں نے کیا اثرات ڈالے ۔ سیاسی نشاۃ ثانیہ (بمبئی سے علیحدگی کے دور) میں قومیت کی رو، نئی تحریکوں اور نئے فتنوں کے اثرات، سندھ کی سابق مسلم سیاست کے خدوخال، پاکستان سندھ اور "سندھ صبت" کا ظہور، پھر بھٹو صاحب کے خوفناک دور، لسانی ہنگاموں کے ظہور، نواب مظفر پارٹی کے منفی کردار، اور ۱۹۸۶ء کے حالات کی تفصیل، ان کڑیوں کو جوڑنے سے آج کے مسئلہ سندھ کو سمجھا جا سکتا ہے ۔

مسئلہ سندھ اور دوسرے تمام تخریبی مسائل نتیجہ ہیں، ملک کو کوئی نظریہ و مشن نہ دے سکنے اور شہریوں کو اس کے مطابق تعمیر نو میں مصروف نہ کر سکنے کا ۔ یہ کوتاہی جیسے پہلے تھی، آج بھی جاری ہے ۔ اس کے ہوتے ہوئے اہل اقتدار سوائے لیپا پوتی کے کچھ نہیں کر سکتے ۔

باقی کام دینی تبلیغ یا ادبی نگارشات کے دائرے کا رہ جاتا ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ کم از کم اب آخری مرحلے میں یہ دونوں کام زور شور سے ہوں، ورنہ دشمن قوتوں نے ہمارے لیے ایک خوفناک دھماکے کی پھر تیاریاں کر لی ہیں ۔

---

**شعورِ حیات** از جناب محمد یوسف اصلاحی ۔ ناشر: شفیق الاسلام فاروقی، اسٹاکسٹ، البدر پبلیکیشنز ۔ ۲۳ - راحت مارکیٹ، اردو بازار - لاہور ۲

جناب محمد یوسف اصلاحی دینِ برحق کے سچے علمبردار اور اس کے تقاضوں کو پیش کرنے کے لیے بہترین ادیبانہ قلم رکھتے ہیں - اسی کتاب میں انہوں نے ہمہ وقت درپیش مختلف موضوعات پہ آیات اور احادیث کی روشنی کی مدد سے نہایت اہم نکات کو نمایاں کیا ہے ۔ مضامین مختصر بھی ہیں، آسان بھی اور بہت سبق آموز بھی ۔ بہت سی باتیں سماجی اور نفسیاتی اصلاح کا ذریعہ ہیں ۔ اور ان چیزوں کی بڑی شدید ضرورت ہے، بلکہ خود دین نے بڑی خاص توجہ انسانی نفسیات کی اصلاح ہی پہ صرف کی ہے ۔ امید ہے کہ اس آسان کتاب کی قدر کی جائے گی ۔

---

© rasailojaraid.com